حکم الذکر بالجہر | مؤلفہ: محمد سرفراز خان صفدر۔ ناشر: ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرت العلوم متصل گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ۔ طباعت: عمدہ۔ صفحات: ۳۴۰۔ قیمت: -/۶ روپیہ۔

محمد سرفراز خان صفدر صاحب نے اپنی تالیف "راہِ سنت" میں "ذکر بالجہر" کے بارے میں لکھا تھا کہ جہاں شرعاً بلند آواز سے ذکر ثابت نہیں ہے۔ وہاں ذکر بالجہر مکروہ اور بدعت ہے۔ فرض نمازوں کے بعد اور جنازہ کے ساتھ ہمارے معاشرہ میں جو ذکر کیا جاتا ہے۔ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے ثابت نہیں ہے۔

ذکر بالجہر کے جواز میں بریلوی مسلک کے عالم سعیدی صاحب نے ایک کتاب لکھی اور سرفراز صاحب کی تردید کی کوشش کی۔ زیرِ تبصرہ کتاب سعیدی صاحب کے دلائل کا جواب ہے۔ اور سرفراز صاحب نے اپنا نقطۂ نظر قرآن و سنت اور آراء فقہاء کی روشنی میں بدلائل پیش کیا ہے۔ انداز بیان میں مناظرانہ جھلک پائی جاتی ہے۔

علامہ اقبال اور ہم | مؤلفہ ڈاکٹر اسرار احمد۔ ناشر: مرکزی انجمن خدام القرآن۔ ۱۲ افغانی روڈ، سمن آباد۔ لاہور۔ صفحات: ۴۰۔ کتابت و طباعت: عمدہ قیمت: ڈیڑھ روپیہ۔

"علامہ اقبال اور ہم" ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی ایک تقریر ہے۔ جس میں انہوں نے اقبال کی مختلف حیثیتوں مصوّرِ پاکستان، قافلہ ملی کا حدی خوان، رومیٔ ثانی اور اقبال اور قرآن پر اقبال کے حوالے سے فکر انگیز گفتگو کی ہے۔ ضمیمہ میں فارسی اشعار کا آسان اردو ترجمہ درج کیا گیا ہے۔

مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق اور علامہ اقبال | مؤلفہ: سید نذیر نیازی۔ ناشر: مرکزی انجمن خدام القرآن ۱۲۔ افغانی روڈ۔ لاہور۔ صفحات: ۱۶۔ طباعت: عمدہ۔ قیمت: درج نہیں۔

مجلس اقبال کے ساغر کش سید نذیر نیازی نے علامہ اقبال کے قرآن سے شغف اور ان کی فکر میں مقامِ قرآن پر عمدہ کتابچہ لکھا ہے۔

الحق میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں